**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

24مئی2024ء

# پریس ریلیز

## ڈی چوک اسلام آباد کے شہداء کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تمام افراد کو قرارِ واقعی سزادی جائے۔(شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** ڈی چوک اسلام آباد کے شہداء کی ٹارگٹ کلنگ میں ملوث تمام افراد کو قرارِ واقعی سزادی جائے۔ تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ڈی چوک اسلام آباد میں غزہ کے مسلمانوں کے حق میں مظاہرہ کرنے والے افراد کی ٹارگٹ کلنگ پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مملکتِ خداداد پاکستان میں اسرائیل کی درندگی کے خلاف اور مظلوم فلسطینی مسلمانوں کے حق میں بات کرنا جرم بن چکا ہے۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ وہ شخص کون تھا جس نے ڈی چوک میں مظاہرین پر کئی مرتبہ گاڑی چڑھائی اور دو افراد کو کچل کر شہید جبکہ کئی کو زخمی کر دیا۔ پولیس وقوعہ پر خاموش تماشائی کیوں بنی رہی۔ ڈی چوک کے گرد و نواح کی سٹریٹ لائٹس اور سی سی ٹی وی کیمرے کس کے کہنے پر بند کیے گئے۔ یہ وہ سوالات ہیں جن کا جواب فلسطینی مسلمانوں کے لیے دردِ دل رکھنے والے ہر پاکستانی کو مطلوب ہے۔ اُنہوں نے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے اس اندوہناک واقعہ میں ملوث مجرم اور اُس کے تمام سہولت کاروں اور پشتی بانوں کو بے نقاب کر کے اُنہیں قرارِ واقعی سزا دی جائے۔ تنظیم اسلامی کے ایک وفد نے 20مئی2024ء کو شہداء کے جنازہ میں شرکت کی سعادت حاصل کی۔ اللہ تعالیٰ شہداء کے جنت میں درجات بلند فرمائے اور اُن کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین!

عالمی فوجداری عدالت کے چیف پراسیکیوٹر کریم خان جو کہ قادیانی ہیں اُن کا حماس کی اعلیٰ قیادت کے وارنٹ گرفتاری جاری کرنے کی درخواست پر تبصرہ کرتے ہوئے امیر تنظیم نے کہا کہ فلسطینی مجاہدین اپنے علاقوں سے ناجائز صہیونی قبضہ کو ختم کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ بین الاقوامی قانون اور اقوامِ متحدہ کی متعدد قرار دادوں کے تحت اس ناجائز صہیونی قبضہ کے خلاف مسلح جدوجہد کرنے کا اُنہیں مکمل حق حاصل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو اور وزیر دفاع یوو گالانٹ کے خلاف نسل کشی، جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم کے واضح ثبوت موجود ہیں اور عالمی فوجداری عدالت میں مقدمہ چلا کر اُنہیں قرار واقعی سزا دینا عدل کے تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ اسرائیلی مجرموں اور فلسطینی مجاہدین کو یکساں طور پر انسان دشمن قرار دے کر عالمی فوجداری عدالت کے چیف پراسیکیوٹر کس کے ایجنڈا پر کام کر رہے ہیں۔

ہیلی کاپٹر حادثہ میں ایرانی صدر کی رحلت پر ایک بیان میں امیر تنظیم نے کہا کہ یہ حادثہ ایران اور امتِ مسلمہ دونوں کے لیے سانحہ ہے۔ آنجہانی ایرانی صدر ابراہیم رئیسی امتِ مسلمہ کے اہم لیڈر تھے۔ اُنہوں نے اپنی صدارت کے دوران ایران اور ہمسایہ عرب ممالک کے مابین دہائیوں سے جاری کشیدگی کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اُن کے حالیہ دورۂ پاکستان کے باعث دونوں برادر ہمسایہ ممالک کے درمیان پیدا ہونے والی غلط فہمیوں کا ازالہ ہوا۔

**جاری کردہ**

**خورشید انجم**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# Tanzeem-e-Islami

## PRESS RELEASE: Friday 24 May 2024

**(Shujauddin Shaikh)**

## Lahore (PR): "All those involved in the target killing of protestors in D-Chowk Islamabad must be given exacting punishment."

While expressing deep alarm and sorrow over the targeted killing of individuals protesting for the rights of the Muslims of Gaza at D-Chowk in Islamabad, the Ameer of Tanzeem e Islami, **Shujauddin Shaikh**, said that it appears that speaking against Israel's brutality and in favor of oppressed Palestinian Muslims has become a crime in Pakistan. He questioned who the person was that repeatedly ran over the protesters at D-Chowk, martyring two individuals and injuring many others. Why the police remained silent spectators at the scene of the crime? At whose behest were the streetlights and CCTV cameras around D-Chowk turned off? These are the questions that every Pakistani who cares for the Palestinian Muslims wants to be answered. He demanded that those involved in this heinous act of terrorism, along with all their facilitators and supporters, be exposed and brought to justice. A delegation from Tanzeem-e-Islami had the honor of attending the funeral of the martyrs on 20 May 2024. May Allah *(SWT)* elevate the ranks of the martyrs in Paradise and grant their families patience. Ameen!

While commenting on the request by Karim Khan, a Qadiani who is the Chief Prosecutor of the International Criminal Court (ICC), to issue arrest warrants for the senior leadership of Hamas, the Ameer said that Palestinian Mujahidin are struggling to end the illegitimate Zionist occupation of their lands. According to international law and numerous United Nations resolutions, they have the full right to armed struggle against this unlawful Zionist occupation. The truth is that there is clear evidence of genocide, war crimes, and crimes against humanity against Israeli Prime Minister Netanyahu and Defense Minister Yoav Gallant. Prosecuting them in the ICC and delivering appropriate punishment would be in line with the demands of justice. The real question is, by equating Israeli criminals and Palestinian Mujahidin as enemies of humanity, whose agenda is the ICC Chief Prosecutor following?

In a statement on the death of the Iranian President in a helicopter crash, the Ameer said that the accident is a tragedy for Iran and the Muslim Ummah. The late Iranian President, Ebrahim Raisi, was an important leader of the Muslim Ummah. During his presidency, he played a significant role in reducing the decades-long tensions between Iran and neighboring Arab countries. His recent visit to Pakistan helped resolve misunderstandings that had arisen between the two brotherly neighboring countries.

**Issued by:**
**Khursheed Anjum**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**
**Tanzeem e Islami Pakistan**